أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

- رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۙ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۠ (طٰہٰ-۲۵ تا ۲۸)

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے اور میرے لئے میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھ جائیں۔

- رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (البقرۃ - ۲۰۱)

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت کی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

- رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

(الفرقان - ۶۵، ۶۶)

اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کا عذاب دور کر دے، بے شک اس کا عذاب جان لیوا ہے، یقیناً وہ بہت ہی بری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور مقام کرنے کی۔

- رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ (طٰہٰ-۱۱۴)

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ کر۔

- رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

(الاعراف -۲۳)

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

- رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ - ۲۵۰)

اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو جما دے اور کافر قوم پر ہماری مدد فرما۔

- رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝

(الکہف - ۱۰)

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، اور مہیا کر تو ہمیں ہمارے معاملات کی درستی۔

- رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (یونس - ۸۵، ۸۶)

اے ہمارے رب! ہمیں ظالم قوم کیلئے فتنہ نہ بنانا، اور ہمیں اپنی رحمت سے کافر قوم سے نجات دلا دے۔

- رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

(الممتحنۃ -۴)

اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر توکل کیا اور تیری ہی طرف متوجہ ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

• رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ (آل عمران - ۸)

اے ہمارے رب! ہدایت کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، بے شک تو بہت عطا کرنے والا ہے۔

• رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ (الحشر - ۱۰)

اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے بغض نہ رکھنا جو ایمان لائے۔ اے ہمارے رب! تو بہت شفقت کرنے والا ہے۔

• رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

(آل عمران ۔ ۱۹۳، ۱۹۴)

اے ہمارے رب! گناہ معاف فرما دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور فرما دے اور ہمیں نیکوکاروں کے ساتھ فوت کرنا، اے ہمارے رب ہمیں وہ عطا کر، جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے وعدہ کیا ہے، اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، بے شک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرے گا۔

• رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○ (الانبیاء۔۸۹)

اے میرے رب! مجھے تنہا نہ چھوڑنا اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔

• رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○ (القصص - ۲۴)

اے میرے رب! جو کچھ تو نے میری طرف بھلائی کی شکل میں نازل کیا، میں اس کا محتاج ہوں۔

• رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ○ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ○ (الشعراء ۔۸۳ تا ۸۵، ۸۷)

اے میرے رب! مجھے حکم عطا کر اور مجھے ان سے ملا دے جو تیرے نیک بندے ہیں، اور بعد کے آنے والوں میں مجھ کو سچی ناموری عطا کر، اور مجھ کو جنت نعیم کے وارثوں میں شامل کر، اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جب سب لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔

• رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○

(المؤمنون - ۲۹)

اے میرے رب! مجھے مبارک (جگہ) پر اُتارنا اور تو بہتر اُتارنے والا ہے۔

• رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ (الاحقاف - ۱۵)

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا، جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو دیں شکر ادا کروں، اور یہ کہ میں وہ نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے، اور میری اولاد کی اصلاح کر دے، بے شک میں توبہ کرتا ہوں اور فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

- رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ (اٰل عمران - ۵۳)

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے اتارا، اور رسول کے فرمانبردار ہوئے، اور تو ہمیں گواہی دینے والوں میں شامل کر لے۔

- رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (اٰل عمران - ۱۴۷)

اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے جو بے اعتدالی اپنے کام میں ہوئی اسے معاف فرما، اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں کافروں پر فتح عطا فرما۔

- رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (البقرۃ - ۲۸۶)

اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کریں تو ہماری پکڑ نہ کرنا، اور ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا، اور ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا جس کو ہم برداشت نہ کر سکیں، اور ہمیں معاف فرمادے، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، تو ہمارا مولا ہے، پس کافر قوم کے خلاف ہماری مدد فرما۔

- رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○ (بنی اسرائیل - ۲۴)

اے میرے رب! میرے والدین پر رحم فرما، جس طرح انہوں نے بچپن میں مجھے پالا۔

- رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ○ (بنی اسرائیل - ۸۰)

اے میرے رب! مجھے سچائی کے مقام میں داخل کر اور سچائی کے مقام سے نکال، اور اپنی طرف سے میرے لئے مددگار مقرر کر دے۔

- رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ○ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ (المؤمنون - ۹۷، ۹۸)

اے میرے رب! میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں میرے مولا کہ وہ میرے پاس آئیں۔

- فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ (یوسف - ۱۰۱)

زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے! تو دنیا اور آخرت میں میرا دوست ہے مجھے مسلمان فوت کرنا، اور مجھے نیکو کاروں سے ملا دینا۔

- رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ (التحریم - ۸)

اے رب! ہمارے لئے اپنا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

- رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○ (البقرۃ - ۱۲۷، ۱۲۸)

اے رب! ہم سے قبول کر لے، بے شک تو سننے والا' جاننے والا ہے، ہم پر مہربان ہو جا' بے شک تو بہت توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

# قرآنی دُعائیں
## مع اُردو ترجمہ

- رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ○ (الفرقان-۷۴)

اے ہمارے رب! ہمیں بیویوں/ شوہروں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں متقی لوگوں کا امام بنا۔

## تلاوتِ قرآن کے بعد کی دُعا

- اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيَ التَّفَكُّرَ وَ التَّدَبُّرَ بِمَا يَتْلُوْهُ لِسَانِيْ مِنْ كِتَابِكَ، وَالْفَهْمَ لَهُ، وَالْمَعْرِفَةَ بِمَعَانِيْهِ، وَالنَّظَرَ فِيْ عَجَائِبِهِ، وَ الْعَمَلَ بِذٰلِكَ مَا بَقِيْتُ، إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (حضرت عمرؓ کی دُعا)

اے اللہ! اس کتاب (قرآن) میں سے میری زبان جو پڑھتی ہے اس میں مجھے تفکر تدبر اور اس کی سمجھ عطا فرما، اور اس کے معنوں اور عجائبات کی پہچان کروا، اور جب تک میں زندہ ہوں اس کے مطابق عمل کروں، بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

---

AL-HUDA INTERNATIONAL
Islamabad Campus: Tel: (92-51) 2261759 Fax: (92-51) 2264773
Karachi Campus: Tel: 021-5872923, 5896704 Fax: 021-5383560
Web site: www.alhudapk.com